106452- حیض سے طہارت میں شک ہونے کے باوجود روزہ رکھ لیا

سوال

ایک عورت کو حیض سے پاک ہونے میں شک تھا اس نے روزہ رکھ لیا اور جب صبح ہوئی تو وہ یقینی طور پر پاک تھی کیا اس کا یہ روزہ صحیح ہوگا یا نہیں کیونکہ روزہ رکھتے وقت تو اسے پاک ہونے میں شک تھا؟

پسندیدہ جواب

اس کا روزہ صحیح نہیں، بلکہ اسے اس دن کی قضاء میں روزہ رکھنا ہوگا، اس لیے کہ اصل میں حیض باقی ہے، اور اس کا حیض سے پاک ہونے میں شک کے باوجود روزہ رکھنا اور عبادت میں داخل ہونا صحیح نہیں کیونکہ یہ اس کے صحیح ہونے میں مانع ہے" انتہی

فضیلۃ الشیخ محمد بن عثیمین رحمہ اللہ.